جادو، جنات، نظر اور حسد کی علامات

جاگتے ہوئے جادو کی علامات

1- جاگنے کے بعد جسم کا درد کرنا، بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس کرنا

2- طبیعت میں چڑچڑاپن اور تنہائی پسند ہونا

3- ہر وقت یہ محسوس کرنا کہ کوئی دیکھ رہا ہے، کوئی ساتھ ہے

4- ذہن کا ماؤف ہو جانا، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو جانا اور غیر ارادی حرکات کا سرزد ہونا

5- محسوس کرنا کہ یہ کام کوئی زبردستی کروا رہا یا کھلوا رہا ہے

6- گھر والوں بیوی بچوں بہن بھائیوں سے نفرت محسوس کرنا

7- عورتوں کے بال جھڑنا، جسم میں کٹ لگنا، خون کے چھینٹے گرنا، جسم پر بال نظر آنا، بالوں اور کپڑوں کا کٹنا، آنکھوں کے آگے دھاگے، بال، سانپ وغیرہ نظر آنا

8- آنکھوں میں تیز چمک کا پیدا ہونا، سانس لینے میں تنگی ہونا، دل کی دھڑکن تیز ہونا

9- چھوٹی چھوٹی باتوں پر شدید غصہ آنا اور غلطی اپنی بھی ہو تب بھی اقرار نہ کرنا

10-رشتہ داروں دوست احباب سے بلاوجہ اچانک بڑے بڑے جھگڑے پیدا ہو جانا، بہت زیادہ شکوک پیدا ہونا، ازدواجی تعلقات منقطع ہو جانا

11-انجانا سا خوف کہ گھر سے نکلا تو مر جاؤں گا، موت کے وسوسے آنا کہ آج مر جاؤں گا- کل مر جاؤں گا

12-سر، سینے، کمر کے نچلے حصے یا کندھوں میں دباؤ بوجھ اور درد محسوس ہونا. جسم کے کسی ایک حصے میں عموماً سر یا معدے میں مستقل درد رہنا اور دوائی سے آفاقہ نہ ہونا، متلی ہونا یا قے آنے کا احساس ہونا لیکن نہ آنا، پاؤں کی ایڑیوں اور پنڈلیوں میں درد رہنا

13- سستی کا عادی ہو جانا، بکثرت جمائیاں آنا، بہت زیادہ بھولنا اور بکثرت نیند آنا

14-نماز قرآن آذان وغیرہ سے تنگی محسوس کرنا اور دین کے بارے میں کفریہ خیالات کا آنا، مسجد جانے سے گھبرانا، دل کا تنگ پڑنا

15-بیت الخلاء میں دیر تک ٹھرنا اور گناہوں کی جانب شدت سے لپکنا

16-بلاوجہ رونے کا دل کرنا، گھر میں دل نہ لگنا، بے چین رہنا

17-ایسا محسوس ہونا کہ کوئی آوازیں دے رہا، کانوں میں مسلسل گانوں کی آوازیں آنا

18- جسم یا منہ سے بہت سخت بد بو کا محسوس ہونا، پیٹ میں بہت زیادہ گیس ہونا

19- کاروبار کا اچانک بند ہو جانا

20- رشتوں کا آنا لیکن بلاسبب بات ٹوٹ جانا

21- ایام سے بے ربطی ہونا

22- بعض لوگوں کے چہرے برے نظر آنا، ان کے دیکھتے ہی نفرت کے جذبات پیدا ہونا، یا کسی ایک شخص کی نہ چاہتے ہوئے بھی بے دام غلامی

نیند میں جادو کی علامات

1۔ ہوا میں اڑنا یا سمندر پہاڑ دیکھنا

2۔ درندے شیر، کتا، جنگلی جانور، سانپ، بچھو، چھپکلی، بلی، بندر، بیل، اونٹ خنزیر، قربانی کے جانور، بڑا گوشت وغیرہ دیکھنا

3۔ نیند میں رونا، چیخنا، ہنسنا، آوازیں دینا یا جھٹکے لگنا جیسے کسی نے پکڑ کر ہلایا ہے. کسی کو اپنا پیچھا کرتے دیکھنا اور خوفزدہ ہو کر بھاگنا

4۔ برھنہ مناظر، انسانی غلاظت دیکھنا یا کسی کو جنسی زیادتی کرتے محسوس کرنا

5۔ ڈراونی شکلیں دیکھنا، خود کو بلند جگہ سے گرتا دیکھنا. نیند کا کچا ہونا

6۔ رات کو نیند کا نہ آنا نیند میں سختی کے ساتھ ہونٹ چبانا

7۔ قبریں مردے دیکھنا کھنڈرات میں خود کو دیکھنا، ویران جگھوں پر دیکھنا اونچے لمبے یا چھوٹے قد کے سیاہ ہیولے دیکھنا جاگنے کے بعد خواب بھول جانا

8۔ سوتے میں دیکھنا کہ اسے کوئی چیز کھلائی جا رہی ہے اور جاگنے کے بعد اس کو محسوس کرنا کہ کچھ کھایا ہے

9۔ عیسائیوں کے گرجے صلیب کے نشان اور پادری وغیرہ یا کسی مخصوص دین کے شعار دیکھنا

دم کے دوران علامات

1۔دم کرنے والے کے چہرے کو بد نما دیکھنا یا اس سے خوف کھانا یا مضحکہ خیز صورت میں دیکھنا

2۔دم کے درمیان جسم میں جیونٹیاں چلتی محسوس ہونا

3۔شدت سے رونے یا قہقہے لگانے کو دل کرنا

4۔بہت زیادہ بے چینی شدید غصہ اور اٹھ کر بھاگ جانے کو دل کرنا

5۔دم کے درمیان شدید نیند کا آنا

6۔ جسم کے عموم پیٹ اور چہرے کا پھولا ہوا محسوس ہونا

7۔ بازو ٹانگ وغیرہ کا سختی سے اکڑنا کندھے اور سر میں شدید بوجھ محسوس کرنا

8۔معدے میں درد محسوس کرنا جیسے کوئی چیز گیند کی شکل میں گھوم رہی ہے

9۔ غیر ارادی طور پر تیزی سے حرکات کرنا جسم کا گرم ہونا

10۔دم کے بعد یوں لگنا کہ کسی نے سارے جسم کی ڈنڈے سے پٹائی کی ہے یا اپنے آپ کو بہت ہلکا پھلکا اور خوشگوار محسوس کرنا

نظر اور حسد کی علامات

1۔ پلکوں اور بھنوؤں پر بوجھ. آنکھوں میں عجیب سی تیز چمک

2۔ انکھوں کا شدت سے پھڑ پھڑانا، جھپکنا. جسم کا بہت زیادہ گرم رہنا.
خارش اور چیونٹیاں رینگتی محسوس کرنا

3۔ بچوں کا ماں کا دودھ نہ. پینا بہت زیادہ رونا

4۔ ہاتھ اور پاوں کے کناروں میں سوئیاں چبھنا اور ٹھنڈا رہنا

5۔ مسلسل تھوک بہنا جھاگ کی مانند یا سفید بلغم

6۔ بکثرت پیشاب کا آنا اور قضائے حاجت کیلئے جانا

7۔ بہت زیادہ پسینہ آنا خصوصا ماتھے اور کمر پر

8۔ چہرے کا زردی مائل یا سیاہ ہو جانا

9۔ نماز اور دم کے درمیان بکثرت جمائیاں آنا یا آنسوں کا نکلنا

10۔ پڑھائی اور کام سے دل کا اچاٹ ہو جانا، حافظے کا کمزور ہونا اور بے توجگی
رہنا

11۔ دل کی دھڑکن کا کم یا زیادہ ہونا، دل ڈوبتا محسوس ہونا اور موت کا خوف

12۔ سوتے میں یا دم کے درمیان آنکھیں دیکھنا یا کسی کو ٹکٹکی باندھ کر اپنی طرف
دیکھنا

13۔ درد کا آنکھوں اور کنپٹیوں سے شروع ہو کر سر کی جانب پھیلنا اور پھر کندھوں سے اترتے ہوئے ہاتھ پاؤں کے کناروں میں پھیل جانا

14۔ جسم پر عموما چہرے کمر اور رانوں میں سرخ نیلے دانوں کا بکثرت نکلنا یا دھبے بننا

15۔ انسان کا اپنے آپ سے لاپرواہ ہو جانا خصوصا عورتوں کا اپنی آرائش وزیبائش سے بے نیاز ہو جانا